
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلا س میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ
- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کن بچوں کو حروف تہجی آتی ہیں۔ بچے باری باری بتائیں ا ب پ ت . . . اور ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں اور بچے اپنی کوپیوں میں لکھتے جائیں۔ اس طرح حروف تہجی کی دہرائی ہوجائے گی۔

10 منٹ
- 6-8 بچوں سے کتاب سے پڑھائی کروائیں۔

15 منٹ
- بچوں کو اسم (noun) صفت (adjective) کے بارے میں مثالیں دے کر سمجھائیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب میں سے اسم کی نشاندہی کریں ٹیچر انھیں بورڈ پر لکھتی جائیں۔ کام مکمل ہونے کے بعد ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اسم کے ساتھ کتاب میں سے کوئی بھی صفت تلاش کر کے لکھیں اس موقع پر بچوں کو اسم کے ساتھ اپنی مرضی سے صفت لگانے کا موقع دیں مثلاً وہ گھاس کے ساتھ صفت کے طور پر نیلی بھی لکھ سکتے ہیں۔ ٹیچر کی سہولت کے لئے کتاب کے مطابق اسم اور صفت کی فہرست دی جارہی ہے۔

| اسم (noun) | صفت (adjective) |
|---|---|
| گھاس | سبز |
| آسمان | نیلی |
| کوا | لال |
| پتہ | ہرا |
| کینو | پیلا |
| کیلا | سفید |
| گلاب | نارنجی |
| بال | گلابی |
| برف | جامنی |

15 منٹ
- فہرست کی لکھائی کا کام مکمل ہونے کے بعد بچے ان میں سے کسی پانچ الفاظ کے جملے بنانے کا کام کریں۔ کام نامکمل رہ جانے کی صورت میں گھر سے کر کے لائیں۔

# سیشن 2

10 منٹ

- آج ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ہم آج نیا کھیل کھیلیں گے۔ بچے اپنی کلاس روم اور اسکول کے احاطے میں دیکھیں کہ کون کون سے چیزیں ہیں۔ یہ چیزیں کس طرح کی نظر آرہی ہیں۔ مثلاً کلاس روم کا بورڈ کالا ہے، کلاس روم کی ٹیبل لکڑی سے بنی ہے، احمد ایک لڑکا ہے وغیرہ۔ ان سب کے بارے میں ان کی اصلیت سے الٹ بتائیں۔ جیسے بلیک بورڈ کا رنگ سفید ہے، ٹیبل پلاسٹک سے بنی ہے، احمد لڑکی ہے وغیرہ۔

**نوٹ**

اس کھیل کے ذریعے بچوں کی creativity کو ابھارنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سے بچوں میں خوداعتمادی پیدا ہوتی ہے۔

10 منٹ

- 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔

20 منٹ

- نیچے دی گئی خالی جگہ پر کروائیں۔ جملے بورڈ پر لکھیں۔ بچے انھیں اپنی کوپی میں اتاریں۔ خالی جگہ میں بچے اپنی مرضی سے کوئی بھی ایسا لفظ پر کریں جس سے جملہ صحیح طور سے مکمل ہوجائے۔

میرا نام__________ہے۔
میں نے صبح ناشتے میں__________کھایا۔
کینو__________ہوتا ہے۔
آسمان بہت__________ہے۔
گلاب کے بہت سارے__________ہوتے ہیں۔
مجھے اسکول میں ڈرائنگ میں__________نمبر ملتے ہیں۔
میں گھر پر امی کی مدد__________ہوں۔
برف کا رنگ__________ہوتا ہے۔
یہ__________کا مہینہ ہے۔
میرے__________بھائی اور__________بہنیں ہیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- آج کلاس میں کئے گئے کام کو امی ابو یا کسی رشتہ دار سے چیک کروائیں۔

| ٹیچر کے لئے نوٹ |
| --- |
| اگلے سیشن میں بچوں سے ڈرائنگ کا کام کروایا جائے گا۔ لہٰذا ٹیچر پہلے سے ہر بچے کے لئے علیحدہ علیحدہ کاغذ، clipboard، رنگین پینسل یا crayon کے ڈبوں کا انتظام کر لیں۔ |

# سیشن 3

20 منٹ
- ٹیچر بچوں کو سفید کاغذ اور کلپ بورڈ (clipboard) یا ڈرائنگ بورڈ دیں۔ اس کے ساتھ رنگین پنسلیں یا crayons بھی دیں۔ ان سے کہیں کہ وہ اپنی پسند کی گاڑی، پھول، پرندہ یا کوئی اور چیز بنائیں اور ان میں اپنی مرضی کے رنگ بھریں۔ اگر بچے چاہیں تو غلط رنگ بھی بھر سکتے ہیں۔ یعنی کوے میں لال، کیلے میں کالا کر سکتے ہیں۔ یہ کام ختم کرنے کے بعد بچے اپنا نام، کلاس اور تاریخ لکھیں۔ اگر بچوں کو کسی کام میں مشکل ہو تو ٹیچر ان کی مدد کریں۔

10 منٹ
- جب یہ کام ہو جائے تو ان بچوں کو جن کو پہلے بولنے کا موقع نہیں ملا ہے ان سے کہیں کہ وہ کلاس کے بچوں کے سامنے اپنی بنائی ہوئی تصویر کے بارے میں بتائیں۔

15 منٹ
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی بنائی ہوئی تصویر کے بارے میں 4 - 3 لائن کا پیراگراف لکھیں۔

# سیشن 4

15 منٹ • ٹیچر آج کلاس میں دیوار پر رسی باندھیں۔ اس پر بچوں کے پچھلے سیشن میں بنائے ہوئے کام کو کلپس سے باندھ کر ڈسپلے کریں۔

25 منٹ • بورڈ پر دو کالم بنائیں ایک کالم میں مندرجہ ذیل اردو کے الفاظ لکھیں۔ دوسرے کالم میں بچوں کے ساتھ مل کر ان الفاظ کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔

| اردو | English |
|---|---|
| گھاس | grass |
| آسمان | sky |
| کوا | crow |
| پتہ | leaf |
| کیلا | banana |
| گلاب | rose |

| اردو | English |
|---|---|
| بھورا | brown |
| نیلی | blue |
| لال | red |
| ہرا | green |
| پیلا | yellow |
| سفید | white |

| اردو | English |
|---|---|
| بال | hair |
| برف | snow |
| درخت | tree |
| زمین | ground |
| پہاڑ | mountain |
| تصویر | picture |

اگر وقت بچ جائے تو جن بچوں نے کتاب کی پڑھائی نہیں کی ہو ان میں سے 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • املا کی تیاری کرکے آئیں۔

# سیشن 5

20 منٹ

- بچے اپنی کوپی نکالیں۔ ٹیچر کتاب کے شروع کے 4-3 صفحوں سے dictation کروائیں۔ جب dictation ختم ہو جائے تو ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے ہوئے کو غور سے پڑھیں اور اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اس کو خود صحیح کریں۔ چونکہ یہ بچے بہت چھوٹے ہیں تو ممکن ہے کہ ان کے کام میں غلطیاں ہوں۔ ٹیچر ان کی کوپی کو چیک کر کے اصلاح کروائیں۔

25 منٹ

- اب بچوں سے بات چیت کریں کہ اگر وہ شہریار کی طرح آرٹسٹ بن جائیں تو وہ کیسی تصویر بنانا پسند کریں گے اور ان سے وہ تصویر بنوائیں۔

# نیلی گھاس

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale